الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

برائے حُبّ
یہ دعا کسی کھانے والی چیز مثلاً گڑ یا پان وغیرہ پر تین بار پڑھ کر دم کرے مطلوب مسخر ہوجائے گا۔ لیکن بدکاری کیلئے

یہ عمل نہ کریں ورنہ نقصان ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ بِقُلُوْبِهِمْ فِیْ لَيْلٍ وَّنَهَارٍ وَّفِیْ سَاعَةٍ شَهْرٍ عَلٰی حُبِّهِمْ اَشَدُّ حُبًّا وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا۔ (الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں۔)

مطلوب کو طالب بنانا

مطلوب دور ہو یا نفرت کرتا ہو، اس عمل سے اس کا دل طالب کی طرف مائل ہو جاتا ہے۔ اور مطلوب طالب بن کر حاضر ہوتا ہے۔ اوّل و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے اور یہ عبارت ۳۶۰ بار پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ بحرمت جبرئیل اَللّٰهُ الصَّمَدُ بحرمت اسرافیل لَمْ يَلِدْ بحرمت میکائیل وَلَمْ يُوْلَدْ بحرمت عزرائیل وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ بحرمت دردائیل۔

برائے حبِ زوجین

۷۸۶

یا حلیم حلیم یا حلیم یا کریم اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیٍٔ قَدِیْر

۱۲۳	۱۲۶	۱۲۹	۱۱۶
۱۲۸	۱۱۷	۱۲۱	۱۲۷
۱۱۸	۱۳۱	۱۲۴	۱۲۱
۱۲۵	۱۲۰	۱۱۹	۱۳۰

ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنة وفی الاٰخرة حسنة یا قدیم الاحسان الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

اس نقش کو لکھ کر طالب و مطلوب (میاں بیوی) کو پلائے۔ ان شاء اللہ محبت بڑھے گی۔

مجرب ہے۔

برائے حب مطلوب

شوہر یا بیوی یا اولاد وغیرہ ناراض ہو کر دور چلے جائیں تو یہ عمل انوار کو شروع کریں۔ بسم اللہ شریف کی آخری میم کو الحمد کی لام سے ملا کر پوری سورۃ فاتحہ پڑھیں۔ آمین کے بعد یہ عبارت مزید پڑھیں۔

بستم بستم بستم سرتا پا ہر ہر عضو فلاں بن فلاں تا من نکشایم کس نکشاید بحق العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا برحمتک یا ارحم الرّاحمین

سات عدد کالی مرچ لے کر ہر ہر مرچ پر دم کرتے جائیں اور آگ میں ڈالتے جائیں۔ یہ عمل ہر روز کریں حتیٰ کہ مطلوب حاضر ہوگا۔

برائے حب زن و شوہر

٧٨٦

١٤	٢٠	٢٦	فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں
٢٤	٢	١٢	٢٢
٤	٣٠	١٦	١٠
١٨	٨	٦	٢٨

یہ تعویذ لکھیں اور اگر مرد کو ضرورت ہو تو بائیں بازو پر باندھے اور اگر عورت کو ضرورت ہو تو دائیں بازو پر باندھے مجرب ہے۔

برائے حب زن و شوہر

فلان بنت فلان

والضحیٰ واللیل اذا سجیٰ

اگر کسی عورت کا خاوند اس سے جھگڑا کرتا ہو تو بروز اتوار یہ تعویذ عورت اپنے گلے میں ڈالے باقی دو پاک پانی میں گھول کر شوہر کو پلائے

برائے حب یہ تعویذ اتوار کے دن طلوع آفتاب کے بعد خالص زعفران سے لکھے اور گردن میں ڈالے مجرب ہے۔

الٰہی بحرمت ابوبکرؓ

فلاں بن فلاں علی حب

صم بکم عمی فھم لا یرجعون

یحبونھم کحب اللہ

برائے محبت جو عورت اس نقش کو اپنے پاس رکھے گی اس کا شوہر اس سے بہت محبت کرے گا۔

۷۸۶

۶۰۰۹	۶۰۱۳	۶۰۱۶	۶۰۰۲
۶۰۱۵	۶۰۰۳	۶۰۰۸	۶۰۱۴
۶۰۰۴	۶۰۱۸	۶۰۱۱	۶۰۰۷
۶۰۱۲	۶۰۰۶	۶۰۰۵	۶۰۱۷

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

برائے محبت و تسخیر

یہ تعویذ جمعۃ المبارک کے دن ساعت زہرہ میں لکھے اور اپنے گلے میں باندھے بہت زود اثر ہے اور مجرب ہے۔

فلاں بن فلاں

معشوق کو زیر کرنے کے لیے

یہ تعویذ لکھ کر زبان کے نیچے رکھ کر معشوق سے گفتگو کرے زیر ہو جائے گا۔

ودو ۶ ۶ ۶ ۶ ۶ ۶ ۶

فلاں (محب) علی حب فلاں (محبوب)

برائے محبت

جس کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا ہو تو پانی پر ۷۸۶ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دم کر کے اسے پلائیں۔ ان شاء اللہ شدید محبت ہو گی۔

محبوب کو بے قرار کرنا

یہ نقش محبوب کو بے قرار کرنے کے لیے مجرب ہے۔ باوضو ہوکر لکھے اور کوزہ گلی میں رکھ کر تھوڑی شکر بورا ڈال کر آگ میں دفن کرے۔ جوں جوں گرمی پہنچے گی مطلوب بے قرار ہوگا۔

۳۷۳	۳۷۶	۳۷۹	۳۶۵
۳۷۸	۳۶۶	۳۷۲	۳۷۷
۳۶۷	۳۸۱	۳۷۴	۳۷۱
۳۷۵	۳۷۰	۳۶۸	۳۸۰

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

برائے عداوت، دشمنی، جدائی، زبان بندی

نوٹ: یہ تمام تعویذات صرف جائز کاموں کے لیے استعمال کریں ورنہ بے سود ہوگا۔ بلکہ گنہگار ہوگا۔

برائے ہلاکی دشمن

۱۴۹	۸۳	۷۲	۲
۱۱۹	ھ	ق	۸۰
۳۴		ا	۷۰
۴	۱۸	۱۳۳	۱۸۱

قہار ۳۰۶

برائے جدائی

دو افراد کے درمیان جدائی

ی ی ی ی بغض فلاں بن فلاں ی ی ی لہ لہ لہ لہ

ع ع ع ع ع ع ع ع علی بغض فلاں بن فلاں م م م م م م م م

کے لیے یہ عزیمت لکھے اور کسی ایک کے گھر میں دفن کر دے۔ جدائی اور نفرت پیدا ہو جائے گی۔

برائے ہلاکی دشمن

یاقاھر	یاقاھر	یاقاھر	یاقاھر
یاقاھر	یاقاھر	یاقاھر	یاقاھر
یاقاھر	یاقاھر	یاقاھر	یاقاھر
یاقاھر	یاقاھر	یاقاھر	یاقاھر

برائے جدائی

یہ تعویذ لکھ کر مطلوبہ اشخاص کو پلائیں اور وزن کے نیچے بھی رکھیں۔

ا م ع ۱۲ ۴ ۱۲ ۵ ع ط ح
جدائی فلاں بن فلاں ۱۱۱ ھ د
جدائی گرداں فلاں بن فلاں

برائے دشمنی و عداوت

اس نقش کو ہفتہ یا منگل کے دن لکھے نقش لکھتے وقت دونوں افراد کا خیال کر کے کہے کہ ان فلاں فلاں میں دشمنی پیدا ہو۔ یہ تعویذ دو قبروں کے درمیان دفن کریں۔

الی یوم القیامۃ	والبغضاء	بینھم العداوۃ	والقینا
والقینا	بینھم العداوۃ	والبغضاء	الی یوم القیامۃ
والبغضاء	الی یوم القیامۃ	والقینا	بینھم العداوۃ
بینھم العداوۃ	والقینا	الی یوم القیامۃ	والبغضاء

برائے دشمنی

دو شخصوں کے درمیان جدائی ڈالنی ہو تو ان کا پہنا ہوا کپڑا لیں۔ بلکہ کر آگ میں ڈالیں۔ مجرب ہے۔

ص ۹ م ۷ م ۸ ۵
م ۸ ۷ ۷ ۵
۲ م ۲۱ ۵ ۶

۱۳۳۹۸۸۸۸۹۹۹۸۸۸۷

لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم
فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں

برائے دشمنی

یہ دونوں تعویذ لکھ کر پرانی قبر میں دفن کرے۔ دونوں افراد کا نام لکھے بہت جلد عداوت ہو جائے گی۔

انا اعطیناک	الکوثر	فصل	اللّٰہم خالف بین
لربک	وانحر	ان	فلاں بن فلاں
شانئک	ھو	الابتر	وفلاں بن فلاں

ن	ف	ف	ف	ن	ف	ف	ف	ف	ن
ف	ف	ف	ف	ن	ف	ف	ن	ن	ن
ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ن	ن
ف	ن	ن	ن	ن	ف	ن	ف	ن	ف
ف	ن	ف	ن	ن	ف	ف	ف	ن	ن
ن	ن	ف	ن	ن	ن	ف	ف	ن	ف
ن	ن	ف	ف	ف	ف	ف	ن	ف	ف
ن	ن	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ف	ن

بقہرک یا قہار یا جبار

برائے دشمنی

دو افراد کے درمیان جدائی ڈالنا منظور ہو تو یہ نقش نزول ماہ میں منگل کے دن زحل کی ساعت میں لکھے اور پرانی قبر میں دفن

یا قاہر	ذالبطش	الشدید	انت الذی
ذالبطش	الشدید	انت الذی	لایطاق
الشدید	انت الذی	لایطاق	انتقامہ
انت الذی	لایطاق	انتقامہ	یا قاہر

فلاں بن فلاں علی بغض فلاں بن فلاں

برائے جدائی وعداوت

ایک کاغذ پر یہ آیت لکھے۔ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ ۔ اس کے نیچے یہ نقش لکھے اور اس کے بعد یہ لکھے کہ فلاں اور فلاں کے درمیان تفریق ہووے۔ پھر اس کو پرانی قبروں کے درمیان دفن کرے۔ مگر یاد رہے ناجائز بالکل نہ کرے ورنہ گنہگار ہوگا۔

الله الله
الله الله

برائے دشمنی وعداوت

بکرے کے شانے کی ہڈی لے کر اس پر یہ لکھے۔ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ فراق دل فلاں بن فلاں علی عداوۃ فلاں بن فلاں اِس ہڈی کو پرانی قبر میں مشرق کی طرف دفن کرے۔ اس سے جدائی ہوجائے گی۔

زبان بندی دشمن

باوضو ہوکر یہ آیات لکھ کر بازو پر باندھیں۔ اِن شاء اللہ دشمن کی زبان بند رہے گی اور کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

یَوْمَئِذٍ یَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِیَ لَاعِوَجَ لَهٗ سے لے کر وَلَا ھَضْمًا ○ تک (سورہ طٰہٰ آیات ۱۰۸ تا ۱۱۲)

برائے زبان بندی

جو شخص اس نقش کو ساعت زہرہ میں لکھ کر دائیں بازو پر باندھے تو انشاءاللہ دشمنوں کی زبان بند رہے گی۔

۷۸۶

۲۰۹	۲۰۶	۲۱۱
۲۱۰	۲۰۸	۲۰۶
۲۰۵	۲۱۲	۲۰۷

برائے زبان بندی

یہ تعویذ لکھ کر چند دن تک پلائے۔

برائے زبان بندی

اس نقش کو بروز منگل یا ہفتہ لکھ کر دشمن کے مکان کے دروازے کی چوکھٹ کے نیچے دبا دے۔ مجرب ہے۔

ختم اللہ علی قلوبہم ۱۶	وعلی سمعہم ۱۷	وعلی ابصارہم ۱۸	غشاوۃ ۱۹
غشاوۃ ۱۹	وعلی ابصارہم ۱۸	وعلی سمعہم ۱۷	ختم اللہ علی قلوبہم ۱۶
وعلی سمعہم ۱۷	ختم اللہ علی قلوبہم ۱۶	غشاوۃ ۱۹	وعلی الصارہم ۱۸
وعلی ابصارہم ۱۸	غشاوۃ ۱۹	ختم اللہ علی قلوبہم ۱۶	وعلی سمعہم ۱۷

بستم عقل وہوش چشم وگوش، دہن و زبان، دل و جان

فلاں بن فلاں

برائے زبان بندی

۷۸۶

دو لا ء او الاعہ
۹۹۹۱ عہ عہ الاوالہ ۹

بستم زبان فلاں بن فلاں

یہ نقش لکھ کر بہتے ہوئے پانی (مثلاً دریا) کے کنارے دفن کردے۔ دشمن کی زبان بند ہوجائے گی مجرب ہے۔

جابر حاکم مہربان ہو

ان دونوں نقوش میں کوئی ایک نقش باوضو ہو کر لکھ کر اپنے پاس رکھے، حاکم مہربان ہو گا۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

۱۹۲	۲۰۶	۲۰۳	۱۹۹
۲۰۴	۱۹۸	۱۹۳	۲۰۵
۱۹۷	۲۰۱	۲۰۸	۱۹۴
۲۰۷	۱۹۵	۱۹۶	۲۰۲

۷۸۶

۲۷۰	۲۶۲	۲۶۸
۲۶۴	۲۶۷	۲۶۹
۲۶۶	۲۷۱	۲۶۳

دشمنوں کے شر سے بچنے کیلئے

روزانہ دو تسبیح پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ ؕ

مختلف اور متفرق کاموں کیلئے

کھانے میں زیادتی اور برکت کیلئے

مکمل طہارت کے ساتھ جمعہ مبارک کی رات کو بارہ سو مرتبہ یہ آیت پڑھیں، عمل پورا ہو جائے گا۔

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ○

پھر جب کسی کھانے پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تو انشاء اللہ ایک آدمی کا کھانا دس آدمیوں کے لیے کافی ہو گا۔

دیگر: سات سو بار یَا شَکُوْرُ پڑھ کر کھانے پر دم کریں۔ برکت ہوگی۔

گم شدہ چیز کی اطلاع کیلئے

یہ تعویذ دائیں

ہتھیلی پر لکھیں۔ خواب میں معلوم ہو جائیگا۔

گمشدہ آدمی یا مال و متاع کی اطلاع کے لیے

گم شدہ آدمی یا مال و متاع کے بارے میں معلوم کرنے کے لیے سوتے وقت باوضو اس نقش کو لکھ کر سرہانے کے نیچے رکھیں۔ کم از کم ایک ہفتہ تک ایسا کریں۔

۲۴۳	۲۵۶	۲۵۳	۲۵۰
۲۵۴	۲۴۹	۲۴۴	۲۵۵
۲۴۸	۲۵۱	۲۵۸	۲۴۵
۲۵۷	۲۴۶	۲۴۷	۲۵۲

دیگر : اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں سورہ فاتحہ اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور اپنے مقصد کا تصوّر کر کے سنّت طریقہ سے سو جائیں۔

برائے ملاقات مسافر

مسافر کو تلاش کرنیوالا اپنے پاس رکھے۔

ج	ا	م	ع
۲۳	۶۸	۹۱	۱۴
۲۶	۱۳	۲۴	۱۱
۲۲	۳۲	۴۱	۱۹

جامع ۱۱۴

برائے زیادتی علم

لکھ کر پاس رکھے اور پینے کے لیے بھی دیں۔

۳۱	۲	۸	۶۹
۷	ع ۱	ل ۷	۴۳
		۲	۲۹
			۹

دودھ سے زیادہ مکھن نکالنا

دودھ سے زیادہ مکھن نکالنے کے لیے یہ تعویذ مدھانی کے ساتھ باندھے۔ اللہ پاک کے حکم سے زیادہ مکھن نکلے گا۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

ابوبکر صدیقؓ	عمر خطابؓ	عثمان غنیؓ	علی حیدرؓ
ابوبکر صدیقؓ	عمر خطابؓ	عثمان غنیؓ	علی حیدرؓ
ابوبکر صدیقؓ	عمر خطابؓ	عثمان غنیؓ	علی حیدرؓ
ابوبکر صدیقؓ	عمر خطابؓ	عثمان غنیؓ	علی حیدرؓ

برائے زیادت روغن (مکھن گھی)

یہ تعویذ لکھ کر مدھانی کے ساتھ باندھیں۔

الص	موسوس
علی	محمدؐ

یا

لاالہ الا اللہ
نوح نبی اللہ

باؤلے کتے کے کاٹے کا علاج

یہ آیات روٹی کے ٹکروں پر لکھ کر ہر روز ایک ٹکڑا کھلائیں انشاءاللہ دیوانگی کا خطرہ بھی ٹل جائے گا۔ یا ہر روز لکھ کر پلائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ

كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

برائے زہر بھڑ، بچھو وغیرہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے بعد درود شریف ایک بار اور پھر یہ آیت پڑھ کر ڈنک پر دم کریں۔ انشاء اللہ آرام ہوگا۔

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝

گائے وغیرہ حاملہ نہ ہوتی ہو اگر گائے، بھینس، بھیڑ بکری وغیرہ حاملہ نہ ہوتی ہو۔ تو یہ تعویذ سات عدد لکھے اور ہر روز ایک تعویذ صبح کو آٹے کے پیڑے میں بند کر کے کھلا دے۔

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ

گائے وغیرہ دودھ دیتے وقت تنگ کرے اگر گائے بھینس وغیرہ سرکشی کرے اور دودھ نہ دے تو یہ تعویذ لکھ کر اس کے سینگ یا دم پر باندھے۔ دودھ دے گی۔

شداد	نمرود	فرعون
نمرود	فرعون	ھامان
قارون	ہامان	شداد

دیگر: سبز چارہ پر ایک سو بیس بار یہ آیت پڑھ کر دم کرے اور گائے وغیرہ کو کھلائے۔ دودھ دے گی۔ مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ۔

برائے قرعہ اندازی آیت مبارک فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ۔ کو ایک جمعہ سے

اگلے جمعہ تک ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھے۔ عمل پورا ہو جائے گا۔ پھر قرعہ اندازی کے وقت پڑھتا رہے۔ بہت مفید اور آزمودہ ہے۔

برائے تیغ بندی دشمنوں کے حملوں، تلوار، نیزہ گولی وغیرہ سے محفوظ رہنے کیلئے یہ تعویذ اس جمعہ کی رات کو لکھے کہ صبح کو عید الاضحیٰ ہو۔ لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ ہر قسم کے حملہ سے محفوظ رہے گا۔

مکان کی حفاظت کیلئے جس مکان میں جن شیاطین آسیب وغیرہ کا اثر ہو تو یہ اسمائے گرامی اصحاب کہف لکھ کر مکان کی دیواروں، دروازوں پر چپکا دے۔ انشاء اللہ ہر قسم کا اثر ختم ہو جائے گا۔

الٰہی بحرمت علیخا مکسلمینا کشفوطط زرتطیونس کشنا فطیونس یوانس بوس واسو کلبھم قطمیر وعلی اللہ

قصد السبیل ومنها جائز۔

ان اسماء میں یہ بھی صفت ہے کہ لکھ کر آگ میں ڈال دے تو آگ ٹھنڈی ہو جاتے مجرب ہے۔

برائے حفاظت از تیر و تفنگ وغیرہ

یہ نقش ماہ رمضان کے آخری جمعہ کو عصر و مغرب کے درمیان لکھے جس کے پاس یہ نقش ہوگا اس پر تیر، گولی، تیغ وغیرہ اثر نہ کرے گی۔ ہر قسم کے سحر جادو سے محفوظ رہے گا۔ شادمانی نصیب ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد و آلہٖ

الٓمٓ	الٓمٓ	الٓمٓصٓ	الٓرٰ	الٓرٰ	الٓرٰ
الٓمٓرٰ	الٓمٓ	الٓمٓ	کٓھٰیٰعٓصٓ	طٰہٰ	طٰسٓمٓ
طٰسٓ	طٰسٓمٓ	الٓمٓ	الٓمٓ	الٓمٓ	الٓمٓ
یٰسٓ	صٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ	حٰمٓ
حٰمٓ	حٰمٓ	حٰمٓ	قٓ	نٓ	فلاں بن فلاں

برائے ہر کام

پریشانی، مقدمات، کاروبار وغیرہ کیلئے مرد اپنے دائیں بازو پر اور عورت بائیں بازو پر باندھے۔ یہ نقش عروج ماہ میں مشتری یا زہرہ کی ساعت میں لکھے۔

۷۸۶

۵۹۱۳	۵۹۰۸	۵۹۱۵
۵۹۱۴	۵۹۱۲	۵۹۱۰
۵۹۰۹	۵۹۱۶	۵۹۱۱

حافظہ کی زیادتی کے لیے

حافظہ کو قوی کرنے کے لیے جمعرات کے دن سورج نکلتے ہی مشتری کی ساعت میں اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف اور اکتالیس مرتبہ پوری سورہ فاتحہ مگر بسم اللہ کی آخری میم کو الحمد کی لام سے ملا کر پڑھے۔ اور ایک پاؤ میٹھی

کھیلوں پر دم کرے۔ روزانہ نہار منہ ان کھیلوں میں سے سات یا نو دانہ کھائے۔ انشاء اللہ حافظہ قوی ہو جائے گا۔ جو پڑھے گا یاد رہے گا۔ بہت مجرب ہے۔

بھاگے ہوئے کو واپس لانا

یہ آیت روزانہ بعد نماز عشاء مفرور کا تصوّر کر کے بے حساب پڑھے۔ چند دن میں مفرور واپس آجائے گا۔ اگر مفرور کی ماں پڑھے تو زیادہ بہتر ہے۔ ورنہ کوئی بھی پڑھ سکتا ہے۔

اِنَّهٗ عَلٰی رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ؕ

مفرور کی واپسی

بھاگے ہوئے شخص کو واپس لانے کے لیے

یہ نقش لکھ کر ایسی جگہ باندھیں کہ ہوا سے متحرک رہے۔ مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا محمد یا علی

الٰہی فلاں برگردد در سوائے خانۂ خویش قرار نگیرد

فلاں کی جگہ مفرور کا نام مع والدہ لکھیں۔

مدرسہ سے بھاگنے والا بچہ

جو بچہ مدرسہ یا مکتب سے بھاگتا ہو۔ یہ آیات مبارکہ لکھ کر بطور تعویذ اس کے گلے میں ڈالیں۔

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ

وَإِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي جَحِيمٍ يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّينِ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَائِبِينَ ۝

دیگر برائے مفرور

کسی کا بچہ کھو گیا ہو یا بھاگ گیا ہو تو یہ نقش لکھ کر انار کے درخت سے باندھ کے لٹکا دے۔ انشاءاللہ مفرور فوراً واپس آئے گا۔

یا آئف	یا اللہ
یا آئف	یا اللہ

ھھ ــــــ دوح

الھی بحق این نقش مفرور فلاں بن فلاں بے قرار شود زود بیاید زود بیاید زود بیاید

ہر مقصد میں کامیابی کیلئے

ان دونوں میں سے کسی ایک نقش کو استعمال میں لائے۔ ہر مقصد کی کامیابی کے لیے مجرب اور اکسیر ہیں۔

۷۸۶

۱۹۷	۲۱۰	۲۰۷	۲۰۴
۲۰۸	۲۰۳	۱۹۸	۲۰۹
۲۰۲	۲۰۵	۲۱۲	۱۹۹
۲۱۱	۲۰۰	۲۰۱	۲۰۶

سَلَامٌ	قَوْلًا	مِّنْ
قَوْلًا	مِّنْ	رَّبٍّ
مِّنْ	رَّبٍّ	رَّحِيمٍ

رات کو حسب خواہش جاگنا

جو شخص رات کو سوتے وقت سورۃ کہف کی آخری تین آیتیں إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا سے رَبِّهِ أَحَدًا ۝ پڑھ کر دعا کرے کہ اللہ مجھے ان آیات کی برکت سے فلاں وقت بیدار کر دینا۔ ان شاء اللہ مقررہ وقت پر آنکھ کھل جائے گی۔

چہرے یا جسم پر مسّے (موہکے)

نئی مونج کی رسی لیں۔ جسم یا چہرے پر جتنے موہکے ہوں۔ رسّی پر اتنی گرہیں لگائیں۔ گرہ دیتے وقت مریض اپنے مسّے پر شہادت کی انگلی رکھے اور عامل یہ آیت پڑھے۔

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ط

مریض پھر دوسرے مسے پر انگلی رکھے اور عامل پڑھ کر گرہ دیتا جائے۔ عمل کر کے رسّی کو لپیٹ لیں۔ اور گندگی کے ڈھیر میں دبا دیں۔ کم از کم دو ہفتے تک دبی رہے۔ تین چار دنوں کے بعد مسّے گرنے شروع ہو جائیں گے اور جلد صاف ہو جائے گی۔

خیر و برکت اور کامیابی کیلئے

روشن دن میں بہتر جگہ پر باوضو ہو کر یہ کلمات صرف پانچسو مرتبہ پڑھنے سے ہر طرح کی کامیابی نصیب ہوتی ہے۔ خیر و برکت بھی ہوتی ہے۔ ثواب بھی ملتا ہے۔ اگر ہو سکے تو روزانہ پڑھتے رہا کریں۔ کیا بات ہے۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ○

برائے زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

زیارت رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے چند عمل تحریر کیے جاتے ہیں۔ تاہم یہ بات ذہن میں رہنی چاہیے کہ یہ سعادت صرف اسی وقت نصیب ہوتی ہے جب اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم اور خود رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر عنایت ہو۔ آپ کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے شدید محبت اس سعادت کے حصول میں ممد ثابت ہو سکتی ہے۔

(۱) روزانہ بعد نماز عشاء یہ درود پاک ۱۰۰۱ مرتبہ پڑھ کر کسی سے بات کیے

بغیر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور کر کے سو جائیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

(۲) نماز کے بعد یہ کلمات تین سو مرتبہ پڑھ کر آنکھیں بند کر کے پندرہ بیس منٹ تک نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا تصور کریں۔ کسی اور سے بات کئے بغیر اسی طرح سو جائیں۔ کم از کم اکیس روز تک مسلسل کریں۔

صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّسَلَّمْ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا وَدُوْدُ یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ بِسْمِ اللّٰہِ الْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ یَا حَفِیْظُ۔

(۳) شب جمعہ کو بعد نماز عشاء اوّل دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھیں کہ دونوں رکعتوں میں بعد سورہ فاتحہ آیت الکرسی ایک بار سورہ اخلاص پندرہ بار پڑھیں۔ نماز کے بعد یہ درود پاک ایک ہزار بار پڑھ کر سو جائیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَحَبِیْبِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ۔

(۴) رمضان المبارک میں روزانہ تہجد کے وقت ایک ہزار مرتبہ درود ہزارہ پڑھیں بہت اکسیر ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

(۵) درود مقدس روزانہ بعد نماز عشاء چالیس روز پڑھیں۔

(۶) درود اکبر روزانہ بعد نماز عشاء پڑھیں۔

۷ ۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ جو کوئی رات کو سوتے وقت باوضو ان کلمات کو پڑھا کرے وہ خواب میں مجھ کو دیکھے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَللّٰھُمَّ یَارَبَّ الْبَیْتِ الْحَرَامِ وَالشَّھْرِ الْحَرَامِ وَالرُّکْنِ الْمَکَارِمِ اِقْرَأْ رُوْحَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّنِّی السَّلَامَ ○

بدھ کی رات شروع کرے، جسم کپڑے بستر پاک ہو۔

۸ ۔ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے اس طرح کہ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سو مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ اس کے بعد یہ دعا سات مرتبہ پڑھے۔

یَا مُحْسِنُ یَا مُجْمِلُ یَا مُنْعِمُ یَا مُفْضِلُ اَرِنِیْ وَجْہَ حَبِیْبِیْ وَنَبِیِّیْ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ۔

جسم، کپڑے اور بستر پاک و صاف ہوں، خوشبو لگاتے۔ بدھ کی رات سے شروع کرے۔ کم از کم تین راتیں ضرور کرے۔ مجرب ہے۔

۹ ۔ شب جمعہ کو بعد نماز عشاء دو رکعت پڑھے۔ ــــــــــ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد آیت الکرسی ایک بار سورہ اخلاص پندرہ بار۔ سلام کے بعد یہ دعا بلا تعداد پڑھے اور پڑھتے پڑھتے سو جاتے جسم کپڑے بستر وغیرہ پاک ہو۔ خوشبو لگاتے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْزَلْتَ الْمَطَرَ مِنَ السَّمَآءِ لِتُحْیِیَ بِہِ الْاَرْضَ وَتُسْقِیَ بِہِ الْعِبَادَ مِنْ خَلْقِکَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ قَدِ اشْتَدَّ شَوْقِیْ اِلٰی مُحَمَّدٍ وَّطَالَ حُزْنِیْ بِہٖ اَللّٰھُمَّ فَارْحَمْنِیْ وَمُنَّ عَلَیَّ مِنْ نَظَرِ وَجْھِہٖ۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

استخارہ

طریقہ استخارہ جب کسی امر میں استخارہ کرنا چاہے تو وضو کرکے صاف کپڑے پہن۔ پاک بستر پر داہنی کروٹ لیٹ کر سورہ والشمس سات بار سورہ اللیل سات بار اور سورہ اخلاص سات بار پڑھ۔ایک اور روایت میں سورہ اخلاص کی بجائے سورہ والتین ہے۔ پھر یہ دعا پڑھ۔

اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ مَنَامِیْ کَذَا وَکَذَا وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّاَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِہٖ عَلٰی اِجَابَۃِ دَعْوَتِیْ۔ اول تو پہلی رات معلوم ہو جائیگا۔ ورنہ دوسری یا تیسری رات میں نہیں تو سات راتوں تک یہ عمل کر۔ ضرور حال کھل جائیگا۔

دیگر استخارہ کوئی شخص جو دینی یا دنیوی کام میں معلوم کرنا چاہے کہ یہ اس کے لیے بہتر ہے یا نہیں تو یہ نقش لکھ کر اپنے تکیے کے نیچے رکھے اور داہنی کروٹ لیٹے۔ ان شاء اللہ اس پر سارا حال کھل جائے گا۔ یہ عمل بدھ کی رات کو شروع کرے۔ جسم، کپڑے اور بستر پاک ہوں۔ خوشبو لگائے۔ اگر پہلی رات بات واضح نہ ہو تو سات راتوں تک کرنا چاہیے۔ بہت مجرب ہے۔

وعندہ مفاتح ۷۸۶ الغیب لا یعلمہا

۲۰۶۲	۲۰۶۵	۲۰۶۸	۲۰۵۴
۲۰۶۷	۲۰۵۵	۲۰۶۱	۲۰۶۶
۲۰۵۶	۲۰۷۰	۲۰۶۳	۲۰۶۰
۲۰۶۴	۲۰۵۹	۲۰۵۷	۲۰۴۹

الا ھو ویعلم ما فی البر والبحر وما

دیگر استخارہ جسم، کپڑے، بستر پاک صاف ہوں۔ خوشبو لگاتے۔ بعد نماز عشاء سوتے وقت وضو کر کے بستر پر بیٹھ جائے۔ پانچ بار تعوذ پانچ بار تسمیہ پھر اکیس بار یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ اَرِنِیْ وَجْہَ مُحَمَّدٍ حَالاً وَّمَالاً صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ۔

پھر دعا کرے کہ اے اللہ جو کچھ تیرے علم میں ہے۔ مجھے آگاہ فرما۔ داہنی کروٹ لیٹ کر سو جائے۔ منہ قبلہ کی طرف ہو۔ بدھ کی شب شروع کرے اور سات روز تک کرے۔

دیگر استخارہ سوتے وقت اکیس مرتبہ دعا پڑھے۔ اَفْتَحُ اَنْتَحُ یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ اوّل و آخر درود خضری ایک ایک بار پڑھے۔ دائیں کروٹ لیٹ کر دائیں ہاتھ کی ہتھیلی چہرے کے نیچے رکھ کر سوئے۔ سوتے وقت اپنے مقصد کو ذہن میں دہراتے سو جائے۔ زیادہ سے زیادہ تین دن میں خواب یا بیداری میں معلوم ہو جائے گا۔

دیگر استخارہ عشاء کی نماز کے بعد تازہ وضو کر کے پاک بستر پر بیٹھ کر خوشبو لگا کر پڑھیں۔ درود شریف تین بار۔ سورہ فاتحہ دس بار اور سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھ کر سینے پر دم کریں۔ قبلہ کی طرف منہ کر کے دائیں کروٹ سو جائیں۔ اور اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ اپنے کلام کی برکت سے میری رہنمائی فرما کہ یہ کام کروں یا نہ کروں۔ چند دن یہ عمل کرتے رہیں۔

دعاء استخاره (۱)

بسم الله الرحمن الرحيم

اللهم اني استخيرك بعلمك و استقدرك بقدرتك و اسئلك من فضلك العظيم فانك تقدر ولااقدر و تعلم و لا اعلم و انت علام الغيوب اللهم ان كنت تعلم ان هذا الامر (درابن محل حاجتي را كه براي آن استخاره ميكنيد در ذهن بگذرانيد) خير لي في ديني و معاشي وعاقبة امري او عاجل امري واجله فاقدره لي ويسره لي ثم بارك لي فيه اللهم ان كنت تعلم ان هذاالامر (درابن محل حاجتي را كه براي آن استخاره ميكنيددر ذهن بگذرانيد) شر لي في ديني و معاشي و عاقبة امري اوعاجل امري واجله فاصرفه عني و اصرفني عنه و اقدرلي الخير حيث كان ثم ارضني به.

پيش از خواندن اين دعاء دو ركعت نماز خوانده شود. در ركعت اول سورة قل ياايهاالكفرون و در ركعت دوم سورة اخلاص .

وبعد از دعاى مذكوره كلمات ذيل به عدد معين ذكر شده آن تكرار گردد :

۱-اللهم يا عليم علمني-------------۳۳ بار.

۲-اللهم يا خبير اخبرني-------------۳۳ بار.

۳- اللهم يا رشيد ارشدني-----------۳۳ بار.

۱- عن جابر قال كان رسول الله صلي الله عليه وسلم يعلمنا الا استخارة في الامور كما يعلمنا السورة من القران. (مشكوة شريف صفحه ۱۱۶.)

قرآنی آیات اور احادیث وغیرھا سے مجدد ملت امام خراسانی
اخندزادہ پیر سیف الرحمٰن مبارک کا طریقہ روحانی علاج

بہارِ سیفیہ

حصہ دوم

ترتیب

شیخ القرآن والحدیث مفتی پیر محمد عابد حسین سیفی
پیر صاحب نادر آباد

اردو ترجمہ

پروفیسر حکیم میاں مشتاق احمد عابدی سیفی (رینالہ خورد)

ناشر

شعبہ نشر و اشاعت جامعہ جیلانیہ
نادر آباد بیدیاں روڈ لاہور کینٹ فون - ۵۷۲۱۶۰۹
پیر صاحب ۴۲۲۶۴۹۲۴-۰۳۰۰ عرفان ۰۳۳۳۴۲۶۳۸۴۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست

نمبر شمار عنوان صفحہ

برائے امراض مستورات واطفال

برائے حفاظت

برائے جادو/آسیب/جن

پیر طریقت خلیفہ مطلق آفتاب ولایت محبوب نظر مرشد گرامی پیر سید زاہد حسین شاہ الفلاح سٹریٹ مال روڈ پشاور۔۔۔۔ صدر

زیر نظر کتاب بہار سیفیہ حصہ دوم تصنیف لطیف مجدد ملت امام خراسانی سیدنا و مرشدنا اخندزادہ سیف الرحمن مبارک ہے۔ کیونکہ فارسی زبان اور عربی زبان سے ہر شخص استفادہ نہیں کر سکتا تھا۔ برادر عزیز پروفیسر مشتاق احمد عابدی سیفی نے اس کا ترجمہ بڑے سہل الفاظ میں فرمایا ہے۔ جس سے امراض کے نام اور طریقہ استعمال کو ہر شخص آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔ یقیناً یہ معمولات اس شخص کے لیے سود مند ہیں جس نے اپنے شیخ کامل و مکمل سے اجازت حاصل کی ہو۔ اور سب سے بڑی حصہ دوئم میں جو خوبی ہے کہ قرآن کریم کی اصل آیات مقدسہ سے علاج کا طریقہ ذکر کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ پروفیسر مشتاق احمد کی سعی جمیلہ کو قبول و منظور فرمائے۔ آمین۔ یہاں پر میں اپنے دیرینہ دوست، دیرینہ سے میرا مطلب یہ ہے کہ ان کے تعلقات میرے والد محترم پیر طریقت رہبر شریعت آفتاب ولایت حضرت پیر سید عبداللہ شاہ صاحب کے وقت سے چلے آ رہے ہیں۔ اور انہوں نے کبھی بھی یہاں کی حاضری کو ترک نہیں کیا۔ اس سے میری مراد بہار سیفیہ حصہ دوئم مرتب مفتی پیر محمد عابد حسین سیفی ہیں۔ انہوں نے اس کو ترتیب دے کر اس کو اشاعت کا عملی جامہ پہنا کر۔ مالکین کے استفادہ اور افادہ کے لیے قیامت تک اپنے مرشد گرامی کے اس گوہر نایاب کو محفوظ کر دیا۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ پڑھنے پڑھانے، لکھنے لکھانے والے اس کے فیض سے بہرہ ور ہوتے رہیں۔

سید زاہد حسین شاہ

۱۵/۴/۲۰۰۳

عمل کرنے/تعویز لکھنے والے کے لیے شرائط

عمل کرنے یا تعویز لکھنے والے کے لیے ضروری ہے کہ وہ ان قواعد وشرائط پر مکمل عمل پیرا ہو ورنہ اس کی محنت ضائع ہو جائے گی۔ اور فائدہ بھی نہیں ہوگا۔

1- تعویزات لکھنے کے لیے اپنے پیر ومرشد سے اجازت حاصل کرے۔

2- حلال روزی کما کر کھائے، نیک اعمال پر کاربند ہو۔

3- جب کوئی تعویز لکھے یا عمل پڑھے تو باوضو ہو۔

4- اپنی نیت صاف رکھے شیطانی خیالات سے پرہیز کرے اللہ پاک کی رحمت اور فضل کا طالب رہے۔

5- محبت کے عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ کے دن مشتری یا زہرہ کی ساعت میں عمل پڑھے یا تعویز لکھے۔

6- عداوت ودشمنی کے لیے عمل زوال ماہ میں ہفتہ یا منگل کے دن زحل یا مریخ کی ساعت میں کرے۔

7- عمل پڑھنا ہو تو ایک جگہ مقرر کرے، جائے نماز بھی خاص ہو جگہ بدلنے سے اثر ختم ہو جاتا ہے۔

8- کوئی بھی عمل یا تعویز ناجائز کام کے لیے ہرگز نہ کرے ورنہ گنہگار ہوگا۔

9- محبت کا تعویز اگر زن وشوہر کے لیے ہو تو مکروہ تحریمی ہے اگر اس کیلعاوہ ہو تو حرام ہے۔

کتب شرعیہ احیاء العلوم (امام غزالی) میں تفصیل موجود اور عداوت کے تعویز کے

بہارِ سیفیہ (حصّہ دوم)

نوٹ: اس حصہ میں نقوش کی بجائے آیاتِ قرآنی اور دیگر دعاؤں کا ذکر کیا گیا ہے۔

برائے بخار جس کسی فرد کو گرمی کے سبب بخار ہو تو یہ آیت پڑھ کر دم کریں یا لکھ کر پلا دیں ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّھُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَکَّرُوْا فَاِذَا ھُمْ مُّبْصِرُوْنَ۔

اگر سردی کے ساتھ بخار ہوتا ہو تو، بار بار پانی دم کر کے منہ پر چھینٹے ماریں۔ دیگر قسم کے بخار کیلئے پیپل کے پتوں پر تحریر کریں۔ کم از کم سات پتے ہونا ضروری ہیں۔ ایک پتے کو تین بار پانی میں حل کر کے پئیں۔ سات دن استعمال کرنے سے بخار انشاء اللہ اتر جائیگا۔

دیگر یہ آیت مبارکہ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ بخار سے آرام ہو گا۔

قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ۔

برائے سر درد یہ آیت مبارکہ تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

لَا یُصَدَّعُوْنَ عَنْھَا وَلَا یُنْزِفُوْنَ۔

دیگر ماہ رمضان کے آخری جمعہ کے دن نماز فجر یا نماز جمعہ کے بعد یہ آیت زیادہ تعداد میں لکھ کر رکھ لیں۔ وقت ضرورت سر پر باندھیں ان شاء

اللہ آرام آجائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّكَ كَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَیْهِ دَلِیْلًا ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَیْنَا قَبْضًا یَّسِیْرًا۔

دردِ شقیقہ درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر درج ذیل تین بار پڑھ کر دم کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ رَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

برائے بخار پانی پر سورہ فاتحہ چالیس بار پڑھ دم کریں۔ مریض کو پلائیں بھی اور اس کے منہ پر چھینٹے بھی دیں۔ ان شاء اللہ بخار اتر جائے گا۔

برائے مرگی درج ذیل پڑھ کر مریض کے کان میں پھونک ماریں۔ اوّل تو ایک بار کافی ہے ورنہ حسب ضرورت دو تین بار پڑھ کر پھونکیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ الٓمّٓصٓ۔ طٰسٓمّٓ۔ كٓهٰیٰعٓصٓ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ۔

دیگر سورہ التحریم پڑھ کر دم بھی کریں اور پینے کو بھی دیں۔

آشوبِ چشم درج ذیل میں دوبارہ آنے والے حروف کو حذف کر کے نو چندی ہفتہ کو لکھ کر مریض کو پلائیں سال بھر آرام رہیگا۔

الٓمٓ ۔ الٓمٓصٓ ۔ الٓمٓرٰ ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ ۔ طٰہٰ ۔ طٰسٓمٓ ۔ طٰسٓ ۔ یٰسٓ ۔
صٓ ۔ قٓ ۔ نٓ ۔

برائے خفقان دل یہ آیات کسی برتن پر لکھ کر دھو کر پلائیں۔

اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ ..... مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ۰ (آل عمران۔ آیات ۸۳ تا ۸۵)

برائے ہول دل یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے اس طرح کہ تعویذ دل کے اوپر رہے۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُھُمْ بِذِکْرِ اللّٰہِ ؕ اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۔

دیگر یہ آیت تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں۔ تعویذ دل پر رہے۔

لِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِکُمْ وَیُثَبِّتَ بِہِ الْاَقْدَامَ ۔

برائے ہر قسم دل کی بیماری اوّل و آخر ۱۱، ۱۱ بار درود شریف اور درمیان میں یہ پڑھ کر دل پر دم کرے ان شاء اللہ شفا ہو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ دل مارا کن مستقیم بحقِ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۔

برائے درد ہر قسم جسم میں کسی جگہ درد ہو تو درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ سورہ فاتحہ اور سات مرتبہ یہ دعا پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّیْ سُوْءَ مَا اَجِدُ وَفُحْشَہٗ بِدَعْوَۃِ نَبِیِّکَ

مُحَمَّدِنِ الْمُبَارَكِ الْمِسْكِيْنِ الْاَمِيْنِ عِنْدَكَ ۔

برائے عرق النساء درج ذیل عبارت لکھ کر دائیں یا بائیں درد والی ٹانگ پر باندھیں۔

لِمِيْتَتِهَا الْعِرْقِ النَّابِتِ فِي الْجِسْمِ الَّذِيْ يَمُوْتُ مُتْ مُتْ مُتْ بِاِذْنِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ ۔

برائے باری کا بخار اگر باری کا بخار ہو تو دوبارہ بخار شروع ہونے سے قبل ایک کاغذ پر یہ آیت لکھیں اور مریض کے ماتھے پر لگا دیں۔ ان شاء اللہ بخار نہ ہوگا۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۚ

بخار لرزہ درج ذیل لکھ کر مریض کو پلائیں۔ بخار نہ ہوگا۔ (ان شاء اللہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْنَا يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ۔ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۔

نکسیر و استحاضہ جس کی نکسیر جاری ہو تو یہ لکھ کر مریض کی دونوں آنکھوں کے درمیان ناک پر باندھیں۔ عورت کا خون رکتا ہو تو تین کاغذوں پر لکھیں۔ ایک اس کے گلے میں ایک پشت پر اور ایک زیر زیر ناف باندھ دیں۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۚ اَفَاْئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ ۔

برائے نکسیر انگشت شہادت سے ناک سے لکھتا ہوا اوپر کی طرف لے جائے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ تین بار ایسا کرے۔ ان شاء اللہ خون بند ہو جائیگا۔

برائے بواسیر جمعہ یا پیر کے دن صبح یا ظہر کی نماز کے بعد یہ عبارت لکھ کر تعویذ بنا کر کمر میں باندھیں اور کئی دن بندھا رہنے دیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ یَا رَحِیۡمُ کُلَّ صَرِیۡخٍ وَّمَکۡرُوۡبٍ یَارَحِیۡمُ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ۔ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ۔ بِرَحۡمَتِكَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ۔

دیگر درج ذیل آیات کو شیشے کے برتن پر زعفران و عرق گلاب سے لکھ کر دھو کر پلائیں۔ خون بواسیر کو ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

وَاِذۡ یَرۡفَعُ اِبۡرٰھِیۡمُ ...... الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ۵

(البقرہ آیات ۱۲۷ تا ۱۲۹)

برائے دانت درد یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر ان دانتوں کے درمیان دبائیں جن میں درد ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسۡتَقَرٌّ وَّسَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ۔

دیگر درج ذیل پڑھ کر درد والے دانت پر دم کریں۔

کٓھٰیٰعٓصٓ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ۔ وَلَہٗ مَا سَكَنَ فِی الَّیۡلِ وَالنَّھَارِ۔ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ۔

برائے چشم یہ آیت مبارکہ تعویذ بنا کر آنکھ پر باندھیں۔ یا پلیٹ پر لکھ کر آنکھ کو دھوئیں اور ہر نماز کے بعد کم از کم تین بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیریں۔ ان شاء اللہ نظر کمزور نہیں ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ۔

برائے کالی کھانسی، خسرہ، ام الصبیان کچے سوت کے سیاہ سرخ رنگ کے دھاگے کی نوتاریں لیں۔ اکٹھا کر کے سورہ الم نشرح پڑھنا شروع کریں اور ہر ایک کاف پر گرہ دے کر دم کریں۔ اس کے بعد تین بار پوری سورۃ پڑھ کر دھاگے پر دم کریں اور مریض کے گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ شفا ہو گی۔

برائے ام الصبیان درج ذیل لکھ کر تعویذ بنا کر مریض کے گلے میں باندھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَىْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ۔

برائے داد چنبل یہ آیت تیل پر سات مرتبہ دم کر کے تیل کو چنبل پر دن میں دو بار لگائیں۔

مَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ نِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ

مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۔

برائے ناف یہ آیت مبارکہ لکھ کر تعویذ بنا کر ناف پر باندھیں۔ ان شاء اللہ ناف اصل حالت پر آجائیگی۔

ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۔

دیگر یہ نقش لکھ کر بازو پر باندھیں۔ ان شاء اللہ ناف اصل مقام پر آجائے گی۔

یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن
یا اللہ یا رحمٰن	مریض کا نام	یا اللہ یا رحمٰن
یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن	یا اللہ یا رحمٰن

برائے یرقان پوری سورۃ البینۃ لکھ کر گلے میں باندھیں اور دھو کر چند دن پلائیں۔

برائے پتھری مثانہ پیشاب کی تنگی، پتھری، ریگ کیلئے درج ذیل آیات لکھ کر مریض کو پلائیں۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰى ...... مُفْسِدِيْنَ ۔ (سورہ البقرہ آیت ۶۰)

قُلْ كُوْنُوْا ...... يَكُوْنَ قَرِيْبًا ۔ (سورہ بنی اسرائیل آیت ۵۰-۵۱)

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۝ (سورہ الواقعہ آیت ۵-۶)

وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝ (سورۃ الحاقۃ آیت ۱۴)

ان شاء اللہ تکلیف دور ہو جائے گی۔

دیگر اگر کسی کا پیشاب بند ہو جائے تو یہ آیت مبارکہ لکھ کر اس کے گلے میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ پیشاب جاری ہو جائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ لَمۡ يَلۡبَثُوۡۤا اِلَّا سَاعَةً مِّنۡ نَّهَارٍ ؕ بَلٰغٌ ۚ فَهَلۡ يُهۡلَكُ اِلَّا الۡقَوۡمُ الۡفٰسِقُوۡنَ ۔ (سورہ احقاف آیت ۳۵)

برائے دفع گلھڑ

عروج ماہ میں بدھ کے دن نابالغ لڑکی سے اتنا لمبا دھاگا کتوا کر تیار رکھیں جو مریض کے گلے میں پورا آجائے جمعرات کے دن فجر کی نماز کے بعد مشتری کی ساعت میں بصورت قعدہ بیٹھے کسی سے کلام نہ کرے۔ پہلے تیس بار درود شریف پھر گیارہ بار سورہ فاتحہ مع بسم اللہ پڑھ کر دھاگے پر ایک گرہ لگائے۔ اسی طرح سات گرہیں لگائے۔ آخر میں پھر تیس مرتبہ درود شریف پڑھے۔ یہ دھاگہ مریض کے گلے میں اسطرح باندھے کہ گلے کے ساتھ لگا رہے۔ جب دھاگہ ڈھیلا ہو جائے تو کس دیا کرے۔ دھاگہ باندھنے سے پہلے کوئی شرینی منگا کر حضرت غوث اعظم شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو فاتحہ پڑھ کر خیرات کر دے۔ ان شاء اللہ مرض ختم ہو جائے گا۔

برائے حبس بول

اگر کسی کا پیشاب بند ہو جائے تو یہ آیت مبارکہ پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں

وَاِذِ اسۡتَسۡقٰى مُوۡسٰى لِقَوۡمِهٖ فَقُلۡنَا اضۡرِبْ بِّعَصَاكَ الۡحَجَرَ ؕ فَانۡفَجَرَتۡ مِنۡهُ اثۡنَتَا عَشۡرَةَ عَيۡنًا ؕ قَدۡ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشۡرَبَهُمۡ ؕ كُلُوۡا وَاشۡرَبُوۡا مِنۡ رِّزۡقِ اللّٰهِ وَلَا تَعۡثَوۡا فِى الۡاَرۡضِ مُفۡسِدِيۡنَ ۔

دیگر

درج ذیل آیت مبارکہ دو کاغذوں پر لکھیں۔ ایک اس کے گلے میں ڈال دیں اور دوسرے کو پانی میں گھول کر پلا دیں۔ ان شاء اللہ پیشاب کھل جائے گا۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ ۔

برائے زیادتی شیر کسی عورت یا گائے بھینس وغیرہ کا دودھ کم ہو جائے یا نہ آئے تو درج ذیل آیت مبارکہ باوضو اوّل و آخر درود پاک سات بار اور پھر یہ آیت سات بار پڑھ کر نمک پر دم کریں۔ عورت یہ نمک کھائے یا لسی وغیرہ میں ڈال کر پی لے۔ جانوروں کو یہ نمک آٹے کے پیڑے میں ملا کر کھلائیں۔ ان شاء اللہ دودھ بڑھ جائیگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۔

دیگر اوّل و آخر درود پاک تین تین بار، یہ آیت مبارکہ پانی پر دم کر کے دن میں دو تین بار پلائیں۔

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِیَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا یَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا یَشَّقَّقُ فَیَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا یَهْبِطُ مِنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۔

برائے حمل عورت / جانور جس عورت یا گائے بھینس وغیرہ کو حمل نہ ٹھہرتا ہو تو درج ذیل آیت مبارکہ مع بسم اللہ اور باضافہ صمداً ساٹھ عدد لکھیں اور ایک روزانہ کھلائیں۔ جانوروں کو آٹے

کے پیڑے جبکہ عورت کو جیسے چاہیں کھلائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ ۔

برائے حفاظت حمل

اگر حمل گر جاتا ہو یا نہ ٹھہرتا ہو تو یہ آیات مبارکہ لکھ کر حاملہ کے پیٹ پر باندھیں۔

اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ ۝ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّہَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ ۝

دیگر

حسبِ ضرورت فلفل سیاہ اور اجوائن صاف کر کے لے لیں۔ پیر کے دن بعد نماز ظہر اوّل درود شریف پھر سورہ وَالشّمس پڑھیں۔ پھر درود شریف پھر سورہ یعنی چالیس بار سورہ مبارکہ اور اکتالیس بار درود شریف پڑھ کر ہر بار دم کریں۔ حاملہ ہر روز ایک دو کالی مرچ اور تھوڑی سی اجوائن کھالیا کرے۔ ان شاء اللہ حمل محفوظ رہے گا۔ ابتدا حمل سے دودھ چھڑانے تک کھائے۔

دیگر

یہ آیت مبارکہ لکھ کر حاملہ کے گلے یا کمر میں باندھیں۔ ان شاء اللہ حمل محفوظ رہے گا۔ نیز یہ گائے، بھینس کے لیے بھی مفید اور جس درخت کے پھل گرتے ہیں ان کو بھی باندھیں۔

وَلَبِثُوْا فِیْ کَہْفِہِمْ ثَلٰثَ مِائَۃٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ۔

دیگر

: سورہ آل عمران کی آیات ۳۵ تا ۳۷ یعنی اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ سے لے بِغَیْرِ حِسَابٍ تک لکھ کر حاملہ کے گلے میں اس طرح ڈالیں کہ تعویذ کوکھ پر رہے۔

برائے بانجھ پن یہ آیت مبارکہ لکھ کر گلے میں ڈالیں اور اکیس دن یہی آیت لکھ کر عاقر کو پینے کو دیں۔

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ۔ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ۔

دیگر چینی کی پلیٹ پر زعفران و عرق گلاب سے لکھ کر بعد طہارت میاں بیوی سات دن تک پئیں اور ہم بستر ہوں۔ اور یہی آیت مبارکہ ہرن کی جھلی پر لکھ کر دونوں کمر پر باندھیں۔ لیکن ہم بستری کے وقت اتار دیا کریں۔

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝

برائے اولاد نرینہ یہ آیت مبارکہ جمعہ یا اتوار کے دن لکھ کر حاملہ کو پہنا دیں۔ اس طرح کہ تعویذ ناف کے قریب رہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ۨ اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۔

دیگر جب حمل کو ڈھائی ماہ ہو جائیں تو خاوند باوضو ہو کر بیوی کی ناف کے گرد انگلی سے دائرہ لگائے اور یَا مَتِیْنُ کہے اسی طرح ستّر بار دائرہ بھی لگائے اور یا متین بھی کہے۔ اوّل و آخر درود شریف بھی پڑھ لے۔ اسی طرح گیارہ دن تک کرے۔ ان شاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔

دیگر جس عورت کے اکثر لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں۔ جب حمل کو ڈھائی ماہ ہو جائیں تو مٹی کا نیا پیالہ لیں۔ اس میں پاک و صاف پانی ڈالیں۔ صبح کی نماز کے بعد باوضو ہو کر یہ پڑھ کر دم کریں۔ ... درود شریف ... [illegible]

الم - ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْهِ - پڑھنے والا نیک پرہیزگار ہو۔ سات دن تک پلائیں۔ ان شاء اللہ فرزند نرینہ پیدا ہو گا۔

دیگر جب حمل کو تقریباً ڈھائی ماہ ہو جائیں۔ حاملہ لیٹی ہو تو اس کا خاوند باوضو ہو کر حاملہ کی ناف پر ہاتھ رکھ کر تین بار یہ دعا پڑھے۔ ان شاء اللہ لڑکا ہو گا۔ پیدائش کے بعد وہ نام رکھیں جس میں محمد آئے۔

اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ خَلَقْتَ خَلْقًا فِیْ بَطْنِ هٰذِهِ الْمَرْءَةِ فَكَوِّنْهُ ذَكَرًا وَّ اُسَمِّیْهِ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ - تین دن ایسا کرے۔

انشاء اللہ لڑکا پیدا ہو گا جس کے اولاد نہ ہوتی ہو یا لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں یا حمل ساقط ہو جاتا ہو یا پیدائش کے بعد مر جاتے ہوں تو یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ معاملہ ٹھیک بھی ہو جائے گا اور لڑکا ہی پیدا ہو گا۔ کچے سوت کے سات تار عورت کی چوٹی سے پاؤں کی انگلی تک لمبے لیں۔ ساتوں تاروں کو ملائیں اور اس پر سات گرہیں لگائیں مگر اس طرح کہ ہر گرہ پر گیارہ بار آیت الکرسی پڑھ کر دم کرتے جائیں۔ اس دھاگے کو بچے کے پیدا ہونے تک عورت اپنی کمر میں باندھے حتیٰ کہ غسل کے وقت بھی دور نہ کرے۔ جب [illegible] کے آثار ظاہر ہوں تو گھر میں کھیر پکا کر حضور سیدنا غوث پاک رحمۃ اللہ کی فاتحہ دلائیں اور دو رکعت نماز ادا کریں۔ پھر عورت کھڑے ہو کر بغداد شریف کی طرف منہ کرے۔ عرض کرے کہ یا غوث اعظم اگر میرے لڑکا پیدا ہوا تو حضور کی غلامی میں دوں گی۔ اور اس کا نام غلام محی الدین رکھوں گی۔ یہ یقین رکھے کہ ان شاء اللہ لڑکا پیدا ہو گا۔ جب پیدا ہو تو غسل و اذان کے بعد عورت وہ گنڈا اتار کر بچے کے

